جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

''مشاہیر'' مکتوبات کی تقریب رونمائی کا لاہور میں انعقاد کا فیصلہ: الحمدللہ ''مشاہیر'' مکتوبات بتوفیق ایزدی دن بدن شرف قبولیت سے نوازے جارہے ہیں اور علمی وادبی حلقوں میں اس کی پذیرائی خوب ہورہی ہے۔اس کی ایک ابتدائی تقریب رونمائی حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ کی صدارت میں دارالعلوم کے ایوان شریعت میں ہوچکی ہے لیکن ملک کے اکثر وبیشتر علمی حلقوں کی یہ خواہش تھی کہ لاہور میں بھی اس کی ایک بڑی تقریب رونمائی ہونی چاہیے۔چنانچہ ۲۳راپریل ۲۰۱۲ء بروز پیر الحمراء ہال لاہور میں اس کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔تمام اہل علم اور باذوق ساتھیوں کو اس میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

مغربی دانشور اور صحافیوں کی دارالعلوم آمد: ۴رمارچ ۲۰۱۲ کو تیونس کی صحافیہ نادیہ بلبعتری نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ان کی رہائش گاہ پر اُن سے ملکی وبین الاقوامی صورتحال پر ریڈیو فرانس کے لئے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔کینیڈا کے ریسرچ سکالر نومسلم عبداللہ بھی دارالعلوم تشریف لائے اور چند دن دارالعلوم میں قیام کیا۔ اسی طرح جاپان کے معروف صحافی بھی انٹرویو کیلئے دارالعلوم تشریف لائے اورانہوں نے مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو اپنے اخبار کے لئے ریکارڈ کیا۔پاکستان کے معروف ٹی وی ''جیو'' چینل کے نمائندے معروف کالم نگار جناب سلیم صافی اپنے حالات حاضرہ کے پروگرام ''جرگہ'' کے سلسلے میں انٹرویو کیلئے دارالعلوم تشریف لائے اورانہوں نے حضرت مولانا مدظلہ سے انٹرویو ریکارڈ کیا اور دارالعلوم حقانیہ کا تفصیلی تعارف اور خطے میں اس ادارے کے اثرات کے بارے میں اپنے پروگرام میں تفصیل سے خصوصی کوریج دی۔

عالمی ادارہ برائے صحت WHO کے سربراہ کی دارالعلوم آمد: عالمی ادارہ برائے صحت WHO کے ریجنل ڈائریکٹر برائے براعظم ایشیاء جناب امیر عبدالرزاق الجزائری' سابق وزیر صحت الجزائر نے اپنے وفد سمیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے دارالعلوم تشریف لائے۔وفد میں ان کے ساتھ عراق کے ڈاکٹر ثما سعید عابد اور جینوا کے ڈائریکٹر نوید سدوزئی' ای ڈی او نوشہرہ ڈاکٹر ارشد خان' ڈاکٹر سرفراز آفریدی' یوسف کے قدرت اللہ شنواری' معین احمد اور محمد اسرار ابن مدنی سمیت دیگر کئی ڈاکٹرز شامل تھے۔انہوں نے مولانا مدظلہ سے پاکستان سے پولیو مرض کے خاتمے کے لئے تعاون طلب کیا۔مولانا مدظلہ نے انہیں اپنے تعاون کا یقین دلایا۔

مولانا فضل الرحمٰن خلیل کی دارالعلوم آمد: امیر انصار الامۃ کے حضرت مولانا فضل الرحمٰن خلیل گزشتہ دنوں اپنے ساتھیوں سمیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لائے اور دفاع پاکستان کونسل